**21.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

.............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی دو ملکوں پولینڈ اور یوکرین کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وارسا پہنچ گئے ہیں۔

☆ انتخابی کمیشن نے ہریانہ میں اسمبلی انتخابات ختم ہونے تک بھرتی کے عمل کے نتیجوں کے اعلان پر روک لگا دی ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے دور دراز کے علاقوں میں انٹرنیٹ کی بڑھتی ہوئی رسائی کے تناظر میں آن لائن روزگار کی ستائش کی ہے۔

☆ آندھرا پردیش میں Achyutapuram خصوصی اقتصادی زون میں ایک فارما کمپنی میں دھماکہ ہونے سے سات افراد کی موت ہوگئی، جبکہ 30 سے زیادہ زخمی ہوئے۔

☆ اور بھارتی موسمیات محکمے نے آسام، میگھالیہ اور تریپورہ میں اگلے دو دن کے دوران موسلادھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

.............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Rev PM - Poland***

وزیر اعظم نریندر مودی دو ملکوں پولینڈ اور یوکرین کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وارسا پہنچ گئے ہیں۔ پولینڈ کے وارسا ملٹری ہوائی اڈے پر پہنچنے پر جناب مودی کا گرمجوشی کے ساتھ استقبال کیا گیا۔ ہوٹل میں بھارت نژاد لوگوں نے، اُن کا روایتی انداز سے خیرمقدم کیا۔

جناب مودی نے Jam Saheb Nawanagar میموریل پر گلدائرہ نذر کیا۔ وہ Monte Cassino کی لڑائی کی یادگار اور کولہاپور میموریل پر بھی گلدائرہ نذر کریں گے۔ بعد میں، وزیر اعظم وارسا میں ایک کمیونٹی تقریب میں شرکت کریں گے اور بھارتی برادری کے لوگوں سے گفتگو کریں گے۔

اِس سے پہلے روانہ ہونے سے قبل اپنے بیان میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ پولینڈ ، وسطی یورپ میں ایک کلیدی اقتصادی ساجھیدار ہے۔ انھوں نے کہا کہ جمہوریت اور تکثیریت کے تئیں بھارت اور پولینڈ کے باہمی

عہد سے دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کو مزید تقویت ملتی ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ پولینڈ کا ، اُن کا دورہ ایسے وقت ہورہا ہے کہ جب دونوں ملکوں کے سفارتی تعلقات کو 70 سال مکمل ہورہے ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی دو دن کے اپنے سرکاری دورے میں پولینڈ کے وزیر اعظم Donald Tusk اور وہاں کے صدر Andrzej Duda سے ملاقات کریں گے۔ گذشتہ 45 سال میں کسی بھارتی وزیر اعظم کا پولینڈ کا یہ پہلا دورہ ہے۔

یوکرین کے اپنے دورے کے بارے میں وزیر اعظم نے کہا کہ وہ وہاں کے صدر زیلینسکی کی دعوت پر یوکرین جارہے ہیں۔ جناب مودی نے امید ظاہر کی کہ خطے میں امن و استحکام جلد بحال ہوجائے گا۔ x

## EC Haryana Recruitment

انتخابی کمیشن نے ہریانہ میں اسمبلی انتخابات مکمل ہونے تک موجودہ بھرتی کے عمل کے نتیجوں کے اعلان کو روک دیا ہے۔ انتخابی کمیشن نے کانگریس کے لیڈر جے رام رمیش کی شکایت کا نوٹس لیتے ہوئے یہ قدم اٹھایا ہے، جو ہریانہ پولیس میں کانسٹبل کے عہدے کیلئے پانچ ہزار 600 اسامیاں پُر کرنے کیلئے بھرتی کے عمل اور ہریانہ پبلک سروس کمیشن کی جانب سے مختلف عہدوں کیلئے بھرتی کے تناظر میں مثالی ضابطۂ عمل کی مبینہ خلاف ورزی کے بارے میں تھی۔

چناؤ کمیشن نے کہا ہے کہ سب کیلئے برابر کے مواقع برقرار رکھنے اور اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ کسی کو بھی ناجائز فائدہ نہ ملے، کمیشن نے ریاستی سرکار کو ہدایت دی ہے کہ انتخابات مکمل ہونے تک نتیجوں کا اعلان نہ کیا جائے۔x

## Maha Nominations

مہاراشٹر میں آج راجیہ سبھا کیلئے دو نامزدگیاں داخل کی گئیں۔ مہاراشٹر میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا آج آخری دن تھا۔ BJP کی جانب سے BJP رائے گڑھ ضلع کے صدر Dhayrsheel Patil نے اپنے کاغذات داخل کئے جبکہ نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کی طرف سے نتن پاٹل نے اپنا پرچہ داخل کیا۔ آسام میں راجیہ سبھا کی دو سیٹوں کیلئے BJP کے سینئر رہنما اور سابق مرکزی وزیر رامیشور تیلی اور سابق رکن اسمبلی Mission Ranjan Das نے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔ اپوزیشن پارٹیوں نے کوئی امیدوار کھڑا نہیں کیا ہے کیونکہ BJP کے دونوں ہی امیدواروں کا جیتنا تقریباً طے ہے۔x

## Rev President - Convocation

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے دور دراز کے علاقوں میں انٹرنیٹ کی بڑھتی ہوئی رسائی کے تناظر میں آن لائن روزگار کے مواقع پیدا ہونے کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ٹیکنالوجی کا استعمال پائیدار ترقی اور مفادِ عامہ کیلئے کیا جانا چاہیئے کیونکہ اِس کا غلط استعمال تباہ کن ثابت ہوسکتا ہے۔ صدرِ جمہوریہ آج ہریانہ کے فرید آباد میں سائنس اور ٹیکنالوجی کی JC Bose یونیورسٹی کے تقسیم اسناد کے پانچویں جلسے کی تقریب سے خطاب کررہی تھیں۔ محترمہ

دروپدی مرمو نے کہا کہ سردست پوری دنیا چوتھے صنعتی انقلاب کے دور سے گزر رہی ہے اور بھارت دستیاب موقعوں سے فائدہ اٹھانے اور اِس کے چیلنجوں کا سامنا کرنے کیلئے تیار ہے۔

SB - 2100 - President Technology

## Finance- Income Tax

وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے انکم ٹیکس محکمے پر زور دیا ہے کہ وہ متعلقہ لوگوں کو بھیجے جانے والے نوٹس کی زبان کو سہل اور آسان بنائیں تاکہ ٹیکس دہندگان میں کسی طرح کا خوف پیدا نہ ہو۔ وہ آج نئی دلّی میں انکم ٹیکس کے 165 سال مکمل ہونے کے موقع پر ایک تقریب میں اظہارِ خیال کررہی تھیں۔ محترمہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ ٹیکس دینے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے اور ٹیکس کا دائرہ بھی وسیع ہورہا ہے۔

SB - 2100 - Sitharamn - Tax

## Kolkata - CBI

مرکزی جانچ بیورو CBI کولکاتہ میں R.G. Kar میڈیکل کالج اسپتال کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش سے لگاتار پوچھ تاچھ کررہی ہے۔ ایجنسی اسپتال کی موجودہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ اور وائس پرنسپل بلبل مُکھو پادھیائے سے بھی پوچھ تاچھ کررہی ہے۔ دوسری طرف ڈاکٹروں نے آج بھی کولکاتہ میں ایک احتجاجی ریلی سے کا انعقاد کیا۔ BJP نے بھی اِس واقعے کے خلاف احتجاج کیا اور وزیرِ اعلیٰ ممتابنرجی اور کولکاتہ کے پولیس کمشنر وِنیت کمار گوئل کے استعفے کا مطالبہ کیا۔ کانگریس پارٹی نے بھی ہلاک ہونے والی ڈاکٹر کیلئے انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے، اِس واقعے کے خلاف احتجاج کیا۔ اِدھر کلکتہ ہائی کورٹ کی ایک ڈویژن بینچ نے ایک وکیل کی دائر کردہ اپیل پر اسپتال میں مالی بدنظمی اور بدعنوانی کے معاملے میں مقدمے کی کارروائی کیلئے اجازت دے دی ہے۔x

## AIIMS Appeal

قومی راجدھانی دلّی میں مختلف اسپتالوں کے ریزیڈنٹ ڈاکٹروں نے کولکاتہ کے R.G. Kar میڈیکل کالج اسپتال میں ایک خاتون ڈاکٹر کی مبینہ آبرو ریزی اور قتل معاملے میں انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے، جنترمنتر پر احتجاج کیا۔ اِن میں لیڈی ہارڈِنگ میڈیکل کالج، مولانا آزاد میڈیکل کالج، وردھمان مہاویر اور صفدر جنگ اسپتال کے ریزیڈنٹ ڈاکٹر شامل تھے۔ اِدھر دلّی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز AIIMS نے اپنے ریزیڈنٹ ڈاکٹروں سے اپیل کی ہے کہ وہ مریضوں کے مفاد میں کام پر واپس آجائیں۔ ایک بیان میں AIIMS نے کہا ہے کہ سرکار حفظانِ صحت سے وابستہ اہلکاروں کی سلامتی اور تحفظ کی پابند ہے اور سپریم کورٹ نے بھی طبی عملے کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس کارروائی کا یقین دلایا ہے۔ AIIMS نے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے ، جو حفظانِ صحت سے وابستہ اہلکاروں کی کسی بھی طرح کی فوری تشویش کا ازالہ کرے گی۔ اس کمیٹی میں چیئرپرسن کے طور پر Academic Dean اور چار دیگر ارکان شامل ہوں گے۔x

## Goyal India Africa

تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ بھارت اور افریقہ اپنی آرزوؤں، امنگوں اور خواہشات میں ایک دوسرے کے بیحد قریب ہیں۔ آج نئی دلّی میں CII بھارت-افریقہ تجارتی کنکلیو میں افریقی ملکوں کے وزراء تجارت کے ساتھ ایک خصوصی مکمل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ بھارت اور افریقی ممالک اپنے اپنے ملکوں کے عوام کی زندگی کے معیار کو بہتر بنانے، بڑھی ہوئی تجارت کے ثمرات لانے کیلئے وسیع پیمانے پر سرمایہ کاری کرنے نیز اقتصادی منظرنامے کو مستحکم کرنے اور ترقی کو رفتار فراہم کرنے کیلئے کوششیں کر رہے ہیں۔x

## Jitendra National Space Day

پہلا خلا کا قومی دن 2024 ملک بھر میں 23 اگست کو منایا جائے گا۔ نئی دلّی میں اِس سے متعلق ایک تعارفی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے خلا کے وزیرمملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ یہ پہلا خلا کا قومی دن ہے اور یہ صرف جشن منانے کا دن نہیں بلکہ اپنی صلاحیت کو اجاگر کرنے، نیز خودشناسی اور مستقبل کیلئے خاکہ تیار کرنے کا بھی دن ہے۔

S/B Dr Jitendra Singh

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ خلا کا قومی دن منانے کیلئے پچھلے ایک مہینے کے دوران ملک بھر میں ایک ہزار سے زیادہ پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ........................

V/C Anand/Dipendra

خلائی تحقیق میں بھارت کا سفر 1960 کے اوائل میں شروع ہوا تھا۔ اِس سفر نے جدید ترین ٹیکنالوجیز تیار کرکے مسلسل ترقی کی ہے۔ خلائی ٹیکنالوجیز نے شہریوں پر مرکوز ایپلی کیشنز جیسے مواصلات، بحری سفر، قدرتی آفات کی نگرانی اور وزن اور پیمائش نظام کیلئے ایپلی کیشنز فراہم کرنے میں مدد فراہم کی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے چندریان-تین مشن کی کامیابی کے اعزاز میں 23 اگست کو خلا کا قومی دن قرار دیا تھا۔ چاند کی سطح پر اترنے کے مقام کو شیوشکتی پوائنٹ کا نام دیا گیا تھا۔ اِس کے ساتھ ہی بھارت چاند پر اترنے والا چوتھا ملک جبکہ چاند کے جنوبی قطب کے علاقے کے نزدیک اترنے والا پہلا ملک بن گیا تھا۔ خلا کا قومی دن، خلائی کھوج اور دریافت میں اہم حصولیابیوں کا اعتراف ہے۔ یہ خلائی ٹیکنالوجیز میں ملک کی ترقی اور کامیابی کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ دن خلائی سائنس میں دلچسپی پیدا کرکے آئندہ نسلوں کو تحریک فراہم کرے گا۔

*دیپیندر کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب عالم*

## Bihar Bandh

درجِ فہرست ذاتوں SC اور درجِ فہرست قبائل ST، ریزرویشن کے تعلق سے سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے

کے خلاف احتجاج میں ریزرویشن بچاؤ سنگھرش سمیتی کے ذریعے آج بلائی گئی 'بھارت بند' کا ملاجلا اثر دیکھنے کو ملا۔ بہار میں احتجاج کرنے والے افراد اور پولیس عملے کے درمیان متعدد جگہوں پر ٹکراؤ کے حالات نظر آئے۔ بائیں بازو کی پارٹیوں اور دیگر تنظیموں کے رہنماؤں نے بند کی حمایت کی تھی۔

پیش ہے ایک رپورٹ .......................

V/C 2100 Dharmendra

بند کے حامیوں نے سیتامڑھی، پورنیا، مظفرپور، سمتی پور، حاجی پور، دربھنگہ، جہان آباد اور متعدد دیگر اسٹیشنوں کی ریل پٹریوں پر احتجاج کیا، جس سے ٹرین کی خدمات متاثر ہوئیں۔ سڑکوں پر سرکاری ٹرانسپورٹ ذرائع اور گاڑیوں کے کم چلنے سے عام مسافروں کے علاوہ کانسٹیبل بھرتی امتحان کے امیدوار سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔ پٹنہ میں احتجاج اُس وقت پُرتشدد ہوگیا جب ڈاک بنگلہ علاقے میں کچھ مظاہرین کا پولیس اہلکاروں کے ساتھ ٹکراؤ ہوگیا۔ پولیس اہلکاروں کو بند کے حامی افراد کو منتشر کرنے کیلئے لاٹھی چارج کرنا پڑا۔ ریاست میں بند کے پیش نظر آج پرائیویٹ اسکول بند رہے جبکہ سرکاری اسکول، تعلیمی ادارے، بینک اور دیگر ادارے معمول کے مطابق کھلے رہے۔

*پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمار*

راجستھان میں بھی بھارت بند کے اثرات دیکھے گئے۔ بھرتپور ڈویژن کے بھرتپور، Karauli، سوائی مادھوپور اور Deeg-Kumher اضلاع میں انٹرنیٹ کی خدمات آج معطل رہیں۔

انتظامیہ نے جے پور سمیت 16 ضلعوں میں اسکولوں اور کالجوں میں چھٹیوں کا اعلان کیا تھا۔ تین یونیورسٹیوں کے امتحانات کو بھی رد کردیا گیا۔ اسی دوران، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں بند کا کوئی اثر نہیں دیکھا گیا۔x

## AP - Reactor Explosion

آندھرا پردیش میں Anakapalli ضلع میں Achyutapuram خصوصی اقتصادی زون میں Essentia فارما کمپنی میں ری ایکٹر میں دھماکہ ہونے سے سات افراد کی موت ہوگئی ، جبکہ 30 سے زیادہ افراد شدید طور پر زخمی ہوئے۔ ضلع حکام نے بتایا ہے کہ زخمیوں کو علاج کیلئے مختلف اسپتالوں میں داخل کرادیا گیا ہے۔

ریاست کے وزیر اعلیٰ چندر بابو نائیڈو نے اِس واقعے میں لوگوں کی موت ہونے پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ضلع کلکٹر کو ہدایت دی ہے کہ متاثرہ افراد کو امداد فراہم کی جائے۔ جناب نائیڈو نے اعلان کیا ہے کہ سرکار مرنے والوں کے ارکانِ خاندان کی مدد کرے گی۔ x

## Jharkhand Mukti Morcha

جھارکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ اور جھارکھنڈ مُکتی مورچہ کے لیڈر چمپئی سورین نے پارٹی کے اندر بڑھتی ہوئی کشیدگی کی اطلاعات کے تناظر میں نئی سیاسی پارٹی بنانے کا اعلان کیا ہے۔ جناب چمپئی سورین نے کہا کہ کارکنوں کے ساتھ صلاح ومشورے کے بعد نئی پارٹی کے نام کا اعلان کیا جائے گا۔

اپنے آبائی حلقے Saraikela-Kharsawan میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے ہوئے، جناب چمپئی

سورین نے کہا کہ وہ ہم خیال پارٹیوں کے ساتھ ملنے اور نئے اتحاد قائم کرنے کیلئے تیار ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ جھارکھنڈ مُکتی مورچہ کے لیڈروں کے ہاتھوں بقول اُن کے بے عزتی کئے جانے کے تناظر میں اپنے منصوبوں پر سختی کے ساتھ قائم ہیں۔x

## J&K - MCC Violations

جموں و کشمیر میں غلط جانکاری پھیلانے کی روک تھام اور آنے والے اسمبلی انتخابات میں چناؤ عمل کے منصفانہ ہونے کو برقرار رکھنے کیلئے جموں اور سری نگر میں اعلیٰ انتخابی افسر کے دفاتر میں کمان اور کنٹرول مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ سبھی 20 ڈپٹی کمشنر دفاتر میں بھی اِسی طرح کنٹرول روم دن رات کام کریں گے۔ جدید طرز کے بنیادی ڈھانچے کے ساتھ کمان اور کنٹرول مراکز کو جدید طرز کی ٹیکنالوجی کے ساتھ مربوط کیا گیا ہے۔ x

## IMD - Heavy Rainfall

بھارتی موسمیات محکمے نے آسام، میگھالیہ اور تریپورہ میں اگلے دو دن کے دوران موسلادھار بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے 24 گھنٹے کے دوران کیرالہ میں بھی شدید سے لے کر بہت شدید بارش ہونے اور لکشدیپ میں انتہائی تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے نے اگلے چند روز کے دوران اتراکھنڈ، جموں، کشمیر، لداخ، ہماچل پردیش، اترپردیش، مشرقی راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور دلّی میں ہلکی سے لے کر اوسط بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

اِدھر اگلے سات دن کے دوران مدھیہ پردیش، کونکن، گوا اور گجرات خطے میں بھی موسلادھار بارش ہونے کا امکان ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆